# Regional Urdu Text Bulletin, Chhatrapati Sambhajinagar

4

Date: 06 November-2025

Time: 09:00-09:10 am

## آکاشوانی چھترپتی سمبھاجی نگر

علاقائی خبریں

تاریخ: ۶/نومبر ۲۰۲۵ء

وقت: ۹:۱۰-۹:۰۰

***** ***** *****

## ::::::سرخیاں::::::

**پیش ہے خاص خبروں کی سرخیاں:**

☆ بہار اسمبلی انتخابات کے پہلے مرحلے میں رائے دہی کے عمل کا آغاز؛18اضلاع کی 121 نشستوں کیلئے ایک ہزار 314امیدواروں میں مقابلہ۔

☆ ریاست کے مختلف حصوں میں شدید بارشوں اور سیلاب سے ہوئے نقصانات کا مرکزی وفد نے لیا جائزہ۔

☆ ریاستی حکومت کا اسٹار لنک کے ساتھ مفاہمتی معاہدہ، دور دراز کے علاقوں میں انٹرنیٹ خدمات پہنچنے کا وزیرِ اعلیٰ کا اظہارِ اعتماد۔

اور۔۔۔☆ حکومت سے فوری طور پر متاثرہ کسانوں کے قرضہ جات معاف کرنے کا سابق وزیر اعلیٰ ادھوٹھاکرے کا مطالبہ۔مراٹھواڑہ دورے کے دوران کسانوں سے بات چیت۔

***** ***** *****

**اب خبریں تفصیل سے:**

بہار اسمبلی کے عام انتخابات کے تحت اب سے کچھ دیر قبل پہلے مرحلے میں رائے دہی کے عمل کا آغاز ہوگیا ہے۔ اس مرحلے میں 18اضلاع کی 121 نشستوں پر پُر امن ماحول میں رائے دہی کا عمل جاری ہے۔ رائے دہی کے پیشِ نظر متعلقہ علاقوں میں سخت حفاظتی انتظامات کیے گئے ہیں۔ پہلے انتخابی مرحلے میں کُل ایک ہزار 314امیدوار اپنی قسمت آزما رہے ہیں۔ اس دوران ووٹروں میں رائے دہی سے متعلق جوش وخروش دکھائی دے رہا ہے۔

***** ***** *****

ریاست کے مختلف حصوں میں شدید بارش اور سیلاب سے ہونے والے نقصانات کا مرکزی دستے نے کل معائنہ کیا۔ بیڑ ضلعے کے بیڑ، شرور کاسار اور آشٹی تعلقہ جات میں اس دستے نے شدید بارش سے متاثرہ علاقوں کا دورہ کیا۔ اس دوران عہدیداروں نے کسانوں سے بات چیت کر کے نقصانات سے متعلق جانکاری حاصل کی۔

دریں اثناء اب تک پانچ لاکھ سے زیادہ شدید بارشوں سے متاثرہ کسانوں میں 445 کروڑ روپے سے زیادہ رقم تقسیم کی جاچکی ہے۔ ضلعے کے 11 تعلقہ جات میں فصلوں سمیت زرعی زمینات کو بہت زیادہ نقصان پہنچا ہے؛ جبکہ مویشی اور مکانات بھی بڑے پیمانے پر متاثر ہوئے ہیں۔ لہٰذا متاثرہ کسانوں نے فوری معاوضہ فراہم کرنے کا مطالبہ کیا۔

مرکزی دستے نے دھاراشیو ضلعے میں پرانڈا تعلقے کے خاص گاؤں اور واگے گوہان گاؤں کا بھی دورہ کیا اور نقصانات سے متعلق آگاہی حاصل کی۔ مرکزی وفد نے واگے گوہان میں بارش سے تباہ شدہ کھیتوں اور مکانات کا معائنہ کیا اور سِینا ندی کے کنارے سیلاب سے متاثرہ دیہاتیوں سے سیلاب کی صورتحال کے بارے میں معلومات حاصل کیں۔ اس موقع پر ضلع کلکٹر کیرتی کرن پجار بھی موجود تھے۔

اسی طرح مرکزی وفد نے شولا پور ضلعے میں جنوبی شولا پور تعلقے کے بڑ کباڑ اور موضع ہتّور اور شمالی شولا پور میں تر ہے اور شیونی دیہاتوں کا دورہ کر کے تباہ شدہ کھیتوں سمیت بنیادی ڈھانچے اور شہریوں کی متاثرہ املاک کو پہنچے نقصانات کا جائزہ لیا۔

اہلیا نگر ضلعے میں بھی دستے نے کل بھاری بارش اور سیلاب سے متاثر ہونے والے مختلف علاقوں کا دورہ کر کے نقصانات کی جانکاری حاصل کی۔

***** ***** *****

وزیر اعلیٰ دیویندر پھڑنویس نے واضح کیا ہے کہ مہایوتی میں شامل تینوں حلیف جماعتیں بلدیاتی انتخابات میں اپنی اپنی سطح پر اتحاد کے بارے میں فیصلہ لیں گی۔ وہ کل کولہاپور میں اخباری نمائندوں سے بات کر رہے تھے۔ انہوں نے اس الیکشن میں عوام کی جانب بڑی تعداد میں مہایوتی کو ووٹ کرنے کا یقین بھی ظاہر کیا۔

***** ***** *****

اسٹار لنک سیٹلائٹ کمیونیکیشن پرائیویٹ لمیٹڈ اور ریاستی حکومت کے محکمۂ انفارمیشن ٹیکنالوجی کے درمیان کل ایک مفاہمتی معاہدے پر دستخط کیے گئے۔ وزیرِ اعلیٰ دیویندر پھڑنویس نے یقین ظاہر کیا کہ اس معاہدے سے ریاست کے دور دراز کے علاقوں تک انٹرنیٹ خدمات کی دستیابی میں سہولت ہوگی۔ دریں اثنا' مہاراشٹر' اسٹار لنک کے ساتھ معاہدہ کرنے والی ملک کی پہلی ریاست بن گئی ہے۔ اس مفاہمتی معاہدے کے تحت، ریاستی حکومت اور اسٹار لنک جدید ٹیکنالوجی کی مدد سے ریاست کے دور دراز اور پسماندہ علاقوں کو جوڑنے کیلئے مشترکہ طور پر کام کریں گے۔ اس میں قبائلی اسکولس، ابتدائی طبّی مراکز، ڈیزاسٹر کنٹرول روم، جنگلاتی انتظامی چوکیاں اور ساحلی علاقوں سمیت گڑ چرولی، نندور بار، دھاراشیو اور واشم جیسے اضلاع شامل ہیں۔

***** ***** *****

شیوسینا ادھو بالا صاحب ٹھاکرے پارٹی کے سربراہ اُدّھو ٹھاکرے کے مراٹھواڑہ دورے کا کل سے آغاز ہوا۔ اس دوران ٹھاکرے نے چھترپتی سمبھاجی نگر ضلعے میں پیٹھن تعلقے کے ناندرا دیہات میں شدید بارشوں سے متاثرہ کسانوں سے بات چیت کی۔ انھوں نے بتایا کہ ان کی حکومت میں بلا شرط متاثرہ کسانوں کے قرضے معاف کیے گئے تھے۔ تاہم مہایوتی حکومت نے دیوالی سے قبل کسانوں، تاجروں اور شہریوں کو امداد فراہمی کا وعدہ کیا تھا۔ لیکن اس وعدے کو پورا نہ کرنے پر ٹھاکرے نے حکومت کی شدید نکتہ چینی کی۔

بعد ازاں ٹھاکرے نے بیڑ ضلعے کے پرلی میں کسانوں سے ملاقات کر کے ان کی دادرسی کی۔ انھوں نے حکومت سے فوری طور پر کسانوں کے قرضہ جات معاف کرنے بصورتِ دیگر ریاست بھر میں کسانوں کے ہمراہ راستوں پر اُتر کر احتجاج کرنے کا انتباہ بھی دیا۔

***** ***** *****

## یہ خبریں آکاشوانی چھترپتی سمبھاجی نگر سے نشر کی جا رہی ہیں۔

***** ***** *****

قومی ترانہ ''وندے ماترم'' کو کل ڈیڑھ سو سال مکمل ہو رہے ہیں۔ اس مناسبت سے مرکزی وزارتِ ثقافت کے زیرِ اہتمام منعقدہ یادگاری تقریب کا افتتاح وزیرِ اعظم نریندر مودی کل نئی دہلی میں کریں گے۔ 7 نومبر 2025 تا 7 نومبر 2026 تک اس ترانے کی ڈیڑھ سو سالہ تقاریب منائی جائیں گی۔ ساتھ ہی ملک بھر میں متعدد مقامات پر اجتماعی طور پر وندے ماترم پڑھا جائے گا۔

چھترپتی سمبھاجی نگر شہر کے کرانتی چوک پر اجتماعی طور پر ''وندے ماترم'' پڑھنے کی تقریب منعقد ہوگی۔ اس حوالے سے ریاستی وزیر اتل ساوے نے کل جلسہ گاہ کا دورہ کر کے انتظامات کا جائزہ لیا۔

ناندیڑ شہر میں شری گرو گرنتھ صاحب جی بھون تحصیل دفتر کے قریب ''وندے ماترم'' گیت کی ڈیڑھ سوویں تاسیس سے متعلق ایک تقریب منعقد ہوگی۔

***** ***** *****

سکھ مذہب کے بانی اور پہلے گرو گرونانک دیو کا یوم پیدائش کل روایتی جوش اور جذبے سے منایا گیا۔ اس موقع پر ریاست کے مختلف گردواروں میں لنگر، بھجن کیرتن سمیت مختلف مذہبی اجتماعات منعقد ہوئے۔ ناندیڑ میں واقع شری سچکھنڈ گردوارہ میں ہزاروں عقیدت مند درشن کیلئے جمع ہوئے تھے۔ ساتھ ہی یہاں کل گردوارہ میں اجتماعی مطالعے کا اختتام بھی عمل میں آیا۔

اسی مناسبت سے پربھنی شہر میں کل سندھی برادری کی جانب سے گرونانک دیو کا تصویری جلوس بھی نکالا گیا۔

***** ***** *****

کارتک پورنیما، یعنی تریپوراری پورنیما، کل ہر جگہ عقیدت اور روایتی جوش و خروش کے ساتھ منائی گئی۔ اس مناسبت سے مختلف مندروں میں دیپوتسو جشن کا انعقاد کیا گیا۔

***** ***** *****

ریاست میں مقامی خود مختار اداروں کے انتخابات کے تحت، ناندیڑ ضلعے کی 12 میونسپل کونسلز اور ایک نگر پنچایت کے 269 اراکین کیلئے چناؤ کا عمل ہوگا۔ ضلع کلکٹر راہل کرڈیلے نے بتایا کہ ان انتخابات کیلئے ضلعے میں تمام ضروری تیاریاں مکمل کر لی گئی ہیں اور آئندہ دنوں میں بھی انتخابی عملے کی تربیت اور انتظامی اجلاس بھی منعقد کیے جائیں گے۔

***** ***** *****

جالنہ میونسپل کارپوریشن کے عام انتخابات کیلئے فہرستِ رائے دہندگان کے نظرثانی شدہ پروگرام کا اعلان کر دیا گیا ہے۔ میونسپل کارپوریشن انتظامیہ کے جاری کردہ صحافتی بیان کے مطابق وارڈ وارڈ ڈرافٹ ووٹر لسٹ 14 نومبر کو شائع کی جائے گی۔ جبکہ 22 نومبر تک فہرست پر اعتراضات اور تجاویز داخل کیے جا سکیں گے، بعد ازاں 6 دسمبر کو حتمی فہرست رائے دہندگان شائع کی جائے گی۔

***** ***** *****

بیڑ ضلعے کے امباجوگائی شہر میں مختلف ترقیاتی کاموں کیلئے ضلع سالانہ منصوبہ فنڈ سے تقریباً 12 کروڑ 13 لاکھ روپے کا فنڈ منظور کیا گیا ہے۔ ضلع کلکٹر دفتر کے میونسپل کونسل شعبے نے تین بڑے ترقیاتی منصوبے کے کاموں کو انتظامی منظوری دے دی ہے، اور اس فنڈ کا استعمال رہائشی بستیوں میں بنیادی سہولیات فراہم کرنے کیلئے کیا جائے گا۔

***** ***** *****

دھاراشیو ضلعے کے کسانوں کیلئے موسمِ ربیع کی بوائی کیلئے اضافی امداد کے طور پر 577 کروڑ روپے منظور کیے گئے ہیں۔ رکن اسمبلی رانا جگجیت سنگھ پاٹل نے کل ممبئی میں وزیر اعلیٰ دیویندر پھڑنویس سے ضلعے کے تمام کسانوں کی جانب سے ملاقات کی اور امداد فراہمی پر ان کا شکریہ ادا کیا۔

***** ***** *****

بھارت اور آسٹریلیا کے مابین چوتھائی ٹوئنٹی کرکٹ مقابلہ آج کوئنس لینڈ میں کھیلا جائے گا۔ یہ مقابلہ دو پہر پونے دو بجے شروع ہوگا۔ دونوں ٹیمیں پانچ میچوں کی سیریز میں 1-1 سے برابر ہیں۔

***** ***** *****

:::::سرخیاں::::::

**آخر میں اس بلیٹن کی خاص خبریں ایک بار پھر:**

☆ بہار اسمبلی انتخابات کے پہلے مرحلے میں رائے دہی کے عمل کا آغاز؛ 18 اضلاع کی 121 نشستوں کیلئے ایک ہزار 314 امیدواروں میں مقابلہ۔

☆ ریاست کے مختلف حصوں میں شدید بارشوں اور سیلاب سے ہوئے نقصانات کا مرکزی وفد نے لیا جائزہ۔

☆ ریاستی حکومت کا اسٹار لنک کے ساتھ مفاہمتی معاہدہ، دور دراز کے علاقوں میں انٹرنیٹ خدمات پہنچنے کا وزیرِ اعلیٰ کا اظہارِ اعتماد۔

اور۔۔۔☆ حکومت سے فوری طور پر متاثرہ کسانوں کے قرضہ جات معاف کرنے کا سابق وزیر اعلیٰ ادھو ٹھاکرے کا مطالبہ۔ مراٹھواڑہ دورے کے دوران کسانوں سے بات چیت۔

***** ***** *****

**اس کے ساتھ ہی آکاشوانی سے علاقائی خبریں ختم ہوئیں۔**

ان خبروں کو آپ AIR چھترپتی سمبھاجی نگر یوٹیوب چینل، پر دوبارہ کسی بھی وقت سن سکتے ہیں۔

***** ***** *****